HM Government

Grenfell community updates

# گرینفیل ٹاور: ٹاور کو احتیاط سے گرانے کا طریقہ کار

ہمیں احساس ہے کہ گرینفیل ٹاور (Grenfell Tower) اس سانحے سے سب سے زیادہ اثر انداز ہونے والوں کے لئے انتہائی ذاتی اہمیت رکھتا ہے اور یہ زمین فیملیز کے لئے مقدس ہے۔ ہم آپ کو بتانا چاہتے ہیں کہ حکومت اور ہمارے ٹھیکے داران کس طرح گرینفیل ٹاور کو احتیاط سے گرانے کی تیاری کر رہے ہیں۔

اس اپ ڈیٹ میں بیان کیا گیا ہے کہ ہم کس طرح اس کام کو حساس اور باادب طریقے سے انجام دیں گے، ہم کس طرح آپ کے لئے اہمیت رکھنے والے مسائل پر کام کر رہے ہیں، اور وضاحت کی گئی ہے کہ آپ مزید معلومات یا سپورٹ کہاں سے حاصل کر سکتے ہیں۔

ہم اس طریقے سے معلومات کا اشتراک کرنا چاہتے ہیں جو آپ کے لئے کارآمد ہو۔ تیاریوں کی پیشرفت ہونے پر ہم آپ کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹس اور مزید تفصیلات فراہم کریں گے۔ آپ اس کام پر تبادلۂ خیال کرنے، خدشات کا اشتراک کرنے یا سوالات پوچھنے کے لئے باقاعدہ میٹنگز کے سلسلے میں عہدیداران اور یہ کام انجام دینے والے مرکزی ٹھیکے دار سے ملاقات کر سکتے ہیں۔ ہم آپ سے انفرادی یا گروہی طور پر گفتگو کا بخوشی انتظام کریں گے اور گروہوں اور مقامی تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرنا جاری رکھیں گے تاکہ ان کو ضروری معلومات کی فراہمی یقینی ہو سکے۔

آپ ہم سے کبھی بھی ذیل پر رابطہ کر سکتے ہیں:

GrenfellTowerSite@communities.gov.uk اس اپ ڈیٹ میں درج ذیل کا احاطہ کیا گیا ہے:

- **ٹاور کو احتیاط سے کیسے گرایا جائے گا**
- **موسم گرما کے دوران تیاری کا کام**
- **ٹاور کے مواد کو اس کی آخری منزل پر پہنچانا**
- **ٹاور نظر آنے کا معاملہ: بینرز اور روشنی**
- **جب کام انجام دیا جائے گا تو آپ کو کیا نظر آئے گا**
- **مقام پر تعظیم بجا لانا**
- **صحت و تحفظ**
- **یہ کام کون انجام دے گا**

## ٹاور کو احتیاط سے کیسے گرایا جائے گا

**حکومت یہ یقینی بنانے کے لئے کوشاں ہے کہ گرینفیل ٹاور کے مقام پر ہونے والا تمام کام اعلیٰ ترین معیارات کے مطابق ہو۔ ہم یہ یقینی بنانا جاری رکھیں گے کہ مقام پر کیا جانے والا تمام کام عمارت کی اہمیت کے احترام، رواداری اور ٹراما کے متعلق آگاہی پر مبنی ہو اور نزدیک رہائش، تعلیم اور ملازمت رکھنے والوں کے لئے خلل کو کم از کم کرے۔**

- ٹاور کو بیرونی سفید چادر کے پیچھے احتیاط سے کیسے گرایا جائے گا تعمیر شدہ علاقوں میں بڑی عمارتوں کو گرانا معمول کا عمل ہے۔ ہمارے طریقہ کار میں سانحے کے منفرد حالات اور عمارت کی اہمیت کا احترام کیا جائے گا۔

- کام عمارت کی چھت سے شروع ہو گا اور منزل در منزل نیچے پیشرفت کرے گا۔ ہماری توقع ہے کہ ہر منزل کو احتیاط سے گرانے میں ایک مہینے تک کا وقت لگے گا۔

- ٹاور کے چھوٹے حصے عمارت کے اندر گرائے جائیں گے۔ عمارت کے بڑے حصے، جیسے خارجی ستونوں کو حصوں کی صورت میں اتارا جائے گا اور عمارت کے باہر ڈھکے ہوئے کنٹینرز میں گرایا جائے گا۔

### موسم گرما کے دوران تیاری کا کام

- ٹاور کے مشرقی جانب مقام پر کرین نصب کی جائے گی۔ جب کام شروع ہو گا تو اس کرین کو ٹاور کا مواد اٹھانے اور لاریوں میں ڈال کے مقام سے دور لے جانے کے لئے استعمال کیا جائے گا۔

- ٹاور گرانے کے کام کی تیاری کے لئے سہارے کے پھٹوں میں تبدیلیاں کی جائیں گی۔ اس میں ٹاور میں ایک دوسرا سہارے کا پھٹا 'شیلف' شامل کرنا شامل ہے۔

- دوسرے بینر کا فریم نصب کیا جائے گا۔ آپ اس کے بارے میں ذیل میں مزید پڑھ سکتے ہیں۔

### ٹاور کے مواد کو اس کی آخری منزل پر پہنچانا

**ہمیں ادراک ہے کہ گرینفیل ٹاور کے تمام عناصر فیملیز کے لئے مقدس ہیں اور ہم ان کے ساتھ ادب اور احتیاط سے پیش آئیں گے۔**

- حکومت آزاد گرینفیل ٹاور میموریل کمیشن (Grenfell Tower Memorial Commission) اور کمیونٹی کے ساتھ کام کرنے کے لئے پرعزم ہے، تاکہ میموریل کے متعلق کمیونٹی کا خواب پورا کیا جا سکے۔

- اگر کمیونٹی چاہے تو ہم ٹاور کے عناصر اور مقام کو میموریل کے اجزاء کے طور پر دستیاب کریں گے۔ ہم نے فیملیز کو اس متعلق خط لکھا ہے کہ ہم موسم خزاں کے دوران اس متعلق غور کرنے میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔

- عمارت کو احتیاط سے گرانے کے دوران ہم حساس طریقے سے تعمیراتی تاج اور ٹاور کے جس عناصر کے بارے میں کمیونٹی کے ساتھ اتفاق کیا جائے گا، ان کو اتار کر محفوظ کریں گے اور بحفاظت رکھ دیں گے۔

- ٹاور سے اتاری گئی ہر چیز کو غیر نشانزد لاریوں میں لوڈ کے کر احتیاط سے ڈھکا جائے گا اور پھر سائٹ سے نکال دیا جائے گا۔

- فی الحال ہم سوگوار خاندانوں اور سروائیورز سے دوسرے مقام کے بارے میں بات کر رہے ہیں، جو نارتھ کینسنگٹن (North Kensington) میں میموریل کے مقام سے الگ ہے، جہاں ہماری تجویز ہے کہ ٹاور کے مواد کو احترام سے رکھ دیا جائے۔ یہ ایک مناسب، قابل رسائی اور مقدس جگہ ہو گی جہاں فیملیز وزٹ کر سکیں گی، یہ آزاد گرینفیل ٹاور میموریل کمیشن کی تجویز کے مطابق ہو گا۔ ہم مذہبی رہنماؤں سے زمین کی تیاری کے متعلق غور طلب باتوں، مواد کو آخری منزل تک پہنچانے اور طویل مدتی نگہداشت پر گفتگو کر رہے ہیں۔

## ٹاور نظر آنے کا معاملہ: بینرز اور روشنی

**ہمیں معلوم ہے کہ افق پر ٹاور کا مقام اہم ہے۔**

- ہم روشنی استعمال کرتے ہوئے افق پر واضح موجودگی بنائیں گے۔ ہم ٹاور کو روشن کرنے کے مختلف طریقوں پر غور کر رہے ہیں۔ ہم کمیونٹی میٹنگز میں اختیارات کی تصاویر کا اشتراک کریں گے۔ اگر آپ شرکت نہیں کر سکتے اور مزید جاننا چاہیں گے، ہم سے اس بارے میں بات کرنا چاہیں گے یا تصاویر دیکھ کر جاننا چاہیں گے کہ یہ کیسا نظر آ سکتا ہے، تو براہ مہربانی ہمیں اس اپ ڈیٹ کے اختتام پر دیے گئے ایڈریس پر ای میل کر کے ہم سے بات کرنے کا انتظام کریں۔

- ہم سبز دل کے ڈیزائن والا بینر برقرار رکھیں گے۔ اسے کئی مراحل میں عمارت سے اتارا جائے گا کیوں کہ وہ جن سہاروں پر لگا ہے، انہیں احتیاط سے اتارا جائے گا۔

- کام شروع ہونے تک بینر ٹاور کے اوپر جگہ پر رہے گا۔ پھر ٹاور کے تقریباً آدھے قد پر ایک اور ایسا ہی بینر نصب کر دیا جائے گا۔ اس کا مطلب ہے کہ مختصر وقت تک دو بینر ہوں گے۔ پھر اوپری بینر کو اتار کر مزید نیچے لگا دیا جائے گا۔ ابھی کی طرح کی بینرز مسلسل رات کے وقت روشن کیے جائیں گے۔

## جب کام انجام دیا جائے گا تو آپ کو کیا نظر آئے گا

**ہمارا طریقہ کار مکمل کام کے دوران عمارت کی حساسیت کا احترام کرنا ہے۔**

- ہورڈنگ، یعنی مقام کی حدود کے گرد لکڑی کی باڑ موجودہ حالت میں رہے گی۔ جب آپ باہر کھڑے ہوں گے تو مقام کے اندر نہیں دیکھ سکیں گے۔

- آپ عمارت کے اندر نہیں دیکھ سکیں گے۔ کام کور کے پیچھے انجام پائے گا، کام کی جگہ سے اوپر 2 میٹر کور لگایا جائے گا۔

- ٹاور سے اتارے گئے تمام مواد کو بند کنٹینرز میں لوڈ کر کے ڈھکا جائے گا اور پھر سائٹ سے منتقل کر دیا جائے گا۔

## مقام پر تعظیم بجا لانا

**ہمیں ادراک ہے کہ کام شروع ہونے کے بعد کچھ خاندان میموریل وال پر تعظیم بجا لانا چاہتے ہیں، خاص کر مخصوص تاریخوں یا سنگ میل پر۔**

- ہم نزدیکی کمیونٹی میں سوگوار خاندانوں اور سروائیورز کو مقام پر تعظیم بجا لانے میں سپورٹ کرتے رہے ہیں۔

- ہم اس متعلق ٹائم فریم کا اشتراک کر سکتے ہیں کہ ٹاور کی مخصوص منزلوں پر کام کب انجام دیا جائے گا۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم آپ سے براہ راست اس معلومات کا اشتراک کریں تو آپ درج ذیل ای میل ایڈریس پر ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### صحت و تحفظ

**کمیونٹی اور مقام پر کام کرنے والے لوگوں کی صحت و تحفظ ہماری ترجیح ہے۔**

- ٹاور کو احتیاط سے گرانے کا منصوبہ اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ شور اور خلل کو ہر حد تک کم کیا جائے۔ آپ اس اپ ڈیٹ کے ساتھ منسلک کمیونٹی کی دوسری اپ ڈیٹ میں کنٹرول کے ان مخصوص اقدامات کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں جن کا نفاذ کیا جائے گا۔

- ہم مکمل کام کے دوران عمارت کا تفصیلی انتظام اور نگرانی جاری رکھیں گے۔ اس میں وہ سسٹم شامل ہے جو 7/24 ٹاور کی نگرانی کرتا ہے، اس کے علاوہ اسٹرکچرل انجنیئرنگ کے ماہرین کی طرف سے باقاعدہ معائنے اور ہر منزل کی جانچ شامل ہے۔

- کام باضابطہ طریقے سے ہو گا اور صحت و تحفظ کے ایگزیکٹو ( Health and Safety Executive, HSE) آزاد نفاذ کا اصول برقرار رکھیں گے۔ HSE نے 2017 سے سائٹ کے دورے کیے ہیں اور ضوابط، مثلاً تعمیر (ڈیزائن اور منیجمنٹ) کے ضوابط، کی تعمیل کا تجزیہ کرنے کے لئے معائنے کیے ہیں، اور انہیں اصلاح کے نوٹس یا ممانعت کے نوٹس جاری کرنے اور اگر ضوابط کی خلاف ورزی کی جائے تو قانونی کارروائی کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

- ہم مقامی پارٹنرز اور قومی ماہرین، جیسا کہ یوکے ہیلتھ سکیورٹی ایجنسی ( UK Health Security Agency) کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔

### یہ کام کون انجام دے گا

- ہم نے تصدیق کی ہے کہ ڈیکنسٹرکٹ یوکے (Deconstruct UK, DUK)، جو مقام کی حفاظت اور روز مرہ کی دیکھ بھال کے لئے ذمہ دار مرکزی ٹھیکے دار ہیں، ٹاور کو حساس اور محتاط طریقے سے گرانے کے کام کے لئے ذمہ دار ہوں گے۔

- DUK 2017 سے گرینفیل ٹاور کے مقام پر کام کرتے رہے ہیں اور انہوں نے ٹاور کے متعلق گہری معلومات اور تجربہ حاصل کیا ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ DUK کا ٹریک ریکارڈ ظاہر کرتا ہے کہ وہ اس کام کو بحفاظت، حساس طریقے سے اور فیملیز اور نزدیکی افراد کی ضروریات کو مدّنظر رکھتے ہوئے انجام دینے کے لئے بہترین ہیں۔ DUK کو برطانوی معیارات کے ادارے (British Standards Institute) کی سند حاصل ہے اور انہیں معیار اور تحفظ کی قابلیت کے لئے تسلیم کیا گیا ہے، جیسا کہ محفوظ ٹھیکے دار (Safe Contractor) اسکیم کے ذریعے۔

- آپ کو کام پر تبادلۂ خیال کرنے اور سوالات پوچھنے کے لئے DUK کے ساتھ میٹنگز میں شرکت کرنے کے باقاعدہ مواقع ملیں گے۔ ہم نے آپ کو اگلی میٹنگ کی تفصیلات سے آگاہ کرنے کے لئے خط لکھا ہے۔

## صحت اور بہبود

ہم یہ یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہیں کہ اس عمل کے دوران کمیونٹی کو مسلسل سپورٹ ملتی رہے۔ ہم محکمۂ صحت اور سماجی نگہداشت (Department of Health and Social Care) اور NHS کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے یقینی بنا رہے ہیں کہ اس حساس عمل کے دوران مناسب خدمات دستیاب ہوں۔ ہم محکمۂ تعلیم کے ساتھ اسکولوں، بچوں اور نوجوانوں کے لئے سپورٹ پر بھی کام کر رہے ہیں۔

اگر آپ اپنی صحت کے متعلق فکر مند ہیں تو براہ مہربانی اپنے جی پی سے رابطہ کریں۔ وہ آپ کی ضروریات کا تجزیہ کریں گے اور آپ کو درست خصوصی نگہداشت کا حوالہ دیں گے۔ اگر آپ کسی سے بات کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی گرینفیل بہبود کی سروس کو 020 8637 6279 پر (ہر روز صبح 8 تا رات 8 بجے) یا CNWL فوری مشورے کی لائن (CNWL Urgent Advice Line) کو 0800 0234 650 پر (رات 8 بجے کے بعد اور دن کے 24 گھنٹے) کال کریں یا انہیں grenfell.wellbeingservice@nhs.net پر ای میل کریں۔ معلومات کے لئے آپ www.grenfellwellbeing.cnwl.nhs.uk بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

## ہم سے کیسے بات کی جائے یا مزید معلومات کیسے حاصل کی جائیں

اگر اس کام کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہیں یا ہم سے گفتگو کا انتظام کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔ ہم نے فیملیز کو عہدیداران اور مرکزی ٹھیکے دار DUK کے ساتھ کمیونٹی میٹنگز میں مدعو کرنے کے لئے خط لکھے ہیں، جن میں آپ اس کام کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔ ہم آپ کے لئے آسان اور آرام دہ وقت، تاریخ اور مقام پر آپ کے ساتھ انفرادی یا گروہی طور پر بات کرنے کے لئے دستیاب ہیں۔
ان کی تفصیلات کے لئے یا کوئی سوالات کرنے کے لئے براہ مہربانی ہمیں ذیل پر ای میل کریں: GrenfellTowerSite@communities.gov.uk

گرینفیل ٹاور کی تازہ ترین خبروں اور ای میل اطلاعات کی خاطر سائن اپ کرنے کے لئے براہ مہربانی ذیل پر جائیں: www.gov.uk/grenfell-community-updates یا درج ذیل کیو آر کوڈ اسکین کریں۔

**Grenfell Tower site management team**
**Ministry of Housing, Communities and Local Government**